نہ تھکنے والا پرندہ گاڈوٹ

گاڈوٹ نسل کے پرندے کی ساخت جنگی جیٹ طیارے جیسی ہے۔اس کی الاسکا سے نیوزی لینڈ تک 7500 میل لمبی پرواز ریکارڈ کی گئی ہے جواس نے بغیر کسی وقفے کے مکمل کی۔ یہ پرندوں کی نقل مکانی میں سب سے طویل پرواز کا ریکارڈ ہے۔

یہ پرندہ 16 ستمبر کو جنوب مغربی الاسکا سے اڑا تھا اور یہ صرف گیارہ دن بعد آکلینڈ کی مشرقی خلیج تک جا پہنچا۔ یہ نر پرندہ جس کے جسم پر ایک ٹرانسمیٹر نصب کیا گیا تھا اور اس کی نگرانی ریسرچرز کا ایک گروپ کر رہا تھا۔اپنے اس طویل سفر کے دوران اس پرندے نے بحراوقیانوس کے اوپر سے پرواز کرتے ہوئے 55 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے پرواز کی۔

سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ جو، یہ پرندے کرتے ہیں وہ ناقابل یقین ہے۔ یہ ریکارڈ ساز گاڈوٹ جس کا نام فور بی بی آرڈ بلیو رکھا گیا تھا اور اس کی ٹانگوں سے نیلی، سرخ اور سفید رنگز لپیٹی گئی ہیں۔ یہ اُن چار پرندوں کے گروپ کا حصہ تھا جنہیں الاسکا میں ان کے گھونسلوں کے علاقے سے روانہ کیا گیا تھا۔

یہ پرندے چند سو میل تک الاسکا کے گدلے علاقے میں ہی اڑتے رہے جہاں انہوں نے مچھلی، کیڑے مکوڑوں اور سمندری مخلوق کا شکار کیا تا کہ یہ اپنے سفر کی تیاری کر سکیں۔ان پرندوں کو دنیا کے دوسرے کونے میں جانے کے لیے اتنی توانائی درکار تھی جو اس سفر سے پہلے ان پر موجود چربی سے دگنی تھی۔ یہ پرندے وزن کم کرنے کے لیے اپنے اندرونی اعضا جیسے کہ معدے اور جگر کو سکیڑنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔

خیال کیا جا رہا ہے کہ یہ پرندے اس سفر کے دوران سوئے نہیں جس دوران یہ مسلسل اپنے پر پھڑ پھڑاتے

رہے۔ان کے کھانے اورتوانائی کی شرح بہت زبردست ہے۔بہت سی ایسی چیزیں ہیں جوان کوفائدہ دیتی ہیں۔جیسا کہ ان کی ساخت جنگی جیٹ جیسی ہے۔لمبے اورنوکیلے پراورایک دبلا پتلا جسم جوانہیں فضائی برتری دیتا ہے۔